جو ہو چکا ہے جو ہوگا حضور جانتے ہیں
تیری عطا سے خدایا حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ مومنوں کی تو جانوں سے بھی قریب ہوئے
کہاں سے کس نے پکارا حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خدا کو دیکھا نہیں اور ایک مان لیا
کہ جانتے تھے صحابہ حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خبر بھی ہے کہ خبر سب کی ہے انہیں کب سے
کہ جب نہ اب تھا نہ کب تھا حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہابیوں کا عقیدہ وہ غیب دان نہیں
صحابیوں کا عقیدہ حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے علم غیب کے منکر خدا کو دیکھا ہے ؟
تجھے بھی کہنا پڑے گا حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

انہیں کے ہاتھ میں ہیں کنجیاں خزانوں کی
کہ کس کو دینا ہے کتنا حضور جانتے ہیں
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہے انکے ہاتھ میں کیا کیا ؟ تجھے خبر نہ مجھے
خدا نے ہے کتنا نوازا حضور جانتے ہیں

صلى الله عليه وآله وسلم